"چند نئی کتابیں"

مضامین محمد علی حصہ اول و دوم کچھ دن ہوئے مکتبہ جامعہ نے مضامین محمد علی کا حصہ اول شائع کیا تھا۔ اس مجموعہ میں آپ بیتی، مسائل ملی، مسلمان اور قومیت، مسلمان اور کانگریس، مسلم یونیورسٹی جامعہ ملیہ وغیرہ وغیرہ پر مولانا محمد علی کے بصیرت افروز مضامین تھے۔ اب مولانا کے مضامین کا یہ دوسرا حصہ شائع ہوا ہے اس حصہ کو بھی جناب پروفیسر محمد سرور صاحب بی۔ اے آنرز (جامعہ، فاضل مصر) نے مرتب فرمایا ہے یہ مجموعہ اس ہنگامہ خیز دور کی پوری تاریخ ہے ۱۸۵۷ء سے شروع ہو کر ۱۹۳۰ء پر ختم ہوتا ہے، سرسید نے کانگریس کی مخالفت کس بنا پر کی؟ وہ مسلمانوں کو تمام تحریکوں سے الگ رکھنے پر کیوں مصر تھے؟ اسلامی سیاست کا یہ مسلک آخر کار کیا رنگ لایا؟ مسلم لیگ کا قیام کیسے اور کہاں عمل میں آیا؟ لیگ انگریزی دوستی سے ہٹ کر کیوں کانگریس سے ہم نوا ہونے پر مجبور ہوئی؟ اور پھر کس طرح دونوں کی راہیں الگ الگ ہوئیں؟ قیمت مجلد حصہ اول دو روپے آٹھ آنے عـ۲/۸ و دوم عـ۲/۸

جوہر اقبال علامہ اقبال بحیثیت ایک شاعر، نہ صرف ہندوستان بلکہ ساری دنیا میں مشہور تھے چنانچہ ان کے باکمال شاعر ہونے کا یہ ایک ادنیٰ ثبوت ہے کہ ان کی اکثر نظموں کا ترجمہ، دنیا کی بہت سی زبانوں میں ہو چکا ہے "جوہر اقبال" علامہ اقبال کی زندہ جاوید اور بے مثال شخصیت کو سمجھنے کے لئے ایک مفید کتاب ہے، اس میں ہندوستان کے چوٹی کے ارباب علم و فضل ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈاکٹر سید عابد حسین ڈاکٹر مولوی عبدالحق، مولانا سید سلیمان ندوی، مہاتما گاندھی، پروفیسر محمد مجیب، پروفیسر رشید احمد صدیقی اور خواجہ غلام السیدین کے مضامین اور پیغامات جمع ہیں۔ اس کتاب کی مقبولیت کا اندازہ صرف اس بات سے ہو سکتا ہے کہ اس کا پہلا ایڈیشن چند ماہ میں ختم ہو گیا اور اب یہ دوسرا ایڈیشن ارباب علم کی خدمت میں پہلے سے زیادہ خوشنما طریقہ سے حاضر ہے، قیمت مجلد ایک روپیہ آٹھ آنے عـ۱/۸ ——

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔ نئی دہلی۔ لاہور۔ لکھنؤ۔